علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

(شعبہ اردو)

وارننگ

عزیز طلبہ ! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ

1. اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں، خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلے پر ہو جائے۔
2. کسی دوسرے سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری" Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: شعری اصناف: تعارف و تفہیم (9037) سمسٹر: بہار 2026

سطح: بی ایس اردو

(ہدایت نامہ برائے طلبہ)

براہ مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔ (ہدایات برائے طلبہ ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ، ایم فل اور پی ایچ ڈی)

1۔ تمام سوالات لازمی ہیں اور تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں، البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2۔ سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

3۔ ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔

4۔ ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (PDF یا Word فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کریں۔

5۔ مقررہ تاریخ کے بعد / تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہو سکیں گی، جس کا ذمہ دار طالب علم ہی ہو گا۔

6۔ آپ کے تجزیاتی اور تنقیدی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7۔ غیر متعلقہ بحث / معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

امتحانی مشق نمبر 1

کل نمبر: 100 **کامیابی کے نمبر: 50**

سوال 1: محسن کاکوروی اور احمد ندیم قاسمی کی نعتیہ شاعری کے اسلوب میں جو واضح فکری فرق پایا جاتا ہے، اس پر ایک تفصیلی نوٹ لکھیں۔ (20)

سوال 2: قصیدے کے اجزائے ترکیبی، تشبیب اور گریز، کس طرح ایک شاعر کی فنی مہارت اور تخیل کا امتحان لیتے ہیں؟ مرزا سودا اور ذوق کے قصیدوں کی روشنی میں تفصیل سے بتائیں۔ (20)

سوال 3: میر انیس نے مرثیے میں کردار نگاری کے ذریعے میدانِ کربلا کے مناظر کو ہماری آنکھوں کے سامنے کیسے زندہ کیا؟ جائزہ لیں۔ (20

سوال 4: ولی دکنی کی غزل کے رنگ نے شمالی ہند کے شعراء کو فارسی پسندی سے نکال کر ریختہ گوئی کی طرف کیسے مائل کیا؟ تجزیہ کریں۔ (20)

سوال 5: میر حسن کی "سحر البیان" اور پنڈت دیا شنکر نسیم کی "گلزارِ نسیم" کے اسلوب اور طوالت کا موازنہ کرتے ہوئے ایک نوٹ لکھیں۔ (20)

امتحانی مشق نمبر 2

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر: 50

سوال 1:میر تقی میر کے داخلی سوز و گداز اور مرزا غالب کے فلسفیانہ اندازِ بیان نے اردو غزل کو کون سے نئے ابعاد دیے؟ تفصیل سے بتائیں۔ (20)

سوال 2:شہر آشوب محض ایک صنفِ شاعری ہے یا اپنے دور کے سیاسی، معاشی اور سماجی زوال کی سچی تاریخی دستاویز؟ تفصیلی جواب دیں۔ (20)

سوال 3:نظیر اکبر آبادی کی عوامی نظموں سے لے کر علامہ اقبال کی فکری نظموں تک اردو نظم کے بدلتے ہوئے موضوعات پر نوٹ لکھیں۔ (20)

سوال 4:مغرب سے آنے والی اصناف نے اردو کے شعری مزاج اور مصرعوں کی بناوٹ کو کس طرح متاثر کیا؟ جائزہ لیں۔ (20)

سوال 5:اردو گیتوں میں ہندی تہذیب، نسوانی جذبات اور برہا (جدائی) کے رنگ نے اس صنف کو غزل سے کیسے مختلف کیا؟ تجزیہ کریں۔ (20)